BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## سٹی، ٹؤرزم ویک کے دوران برامپٹن کا نیا سیاحتی برانڈ متعارف کروا رہا ہے

برامپٹن، آن (2 جون 2022) – سٹی آف برامپٹن 29 مئی سے 4 جون تک کے ہفتے کو ٹؤرزم ویک کے طور پر مناتا ہے، جس کے دوران سیاحت کے شعبے میں قابل قدر خدمات سر انجام دینے والے افراد اور کاروباری اداروں کے کردار کی اہمیت کو تسلیم جاتا ہے جو وہ انفرادی تجربات سے لطف اندوز ہونے کے لیے لوگوں کو اکٹھا کرنے میں ادا کرتے ہیں۔ ٹؤرزم ویک ایک پورے ہفتے پر مشتمل قومی سطح کا ایونٹ ہوتا ہے جو سیاحت کی تنظیموں، کاروباروں اور دیگر شراکت داروں کو کینیڈا کی معیشت اور کمیونٹیز میں اس صنعت کے تعاون کو فروغ دینے کے لیے باہمی طور پر ہم آہنگ کرتا ہے۔

سٹی آف برامپٹن کا ٹؤرزم آفس اس ٹؤرزم ویک میں، اپنی پانچ سالہ ٹؤرزم مارکیٹنگ اسٹریٹجی کے حصے کے طور پر دلکش تجربہ پیش کرنے کے لیے برامپٹن کے اپنے تازہ ترین برانڈ کا آغاز کرنے کے لیے پرجوش ہے ۔ یہ کثیر جہتی پروگرام برامپٹن کو ایک متحرک سیاحتی مقام کے طور پر مزید مضبوط اور پھلنے پھولنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اس میں خاص طور پر فنون و ثقافت، کھانے پینے کی سیاحت، خصوصی تقریبات اور کھیلوں کی سیاحت کے شعبوں میں پیش کرنے کے لیے بہت کچھ موجود ہے۔

سیاحتی برانڈ تین ستونوں پر مرکوز ہے:

- **ایک شہر جو اپنی مثال آپ ہے۔** برامپٹن، کینیڈا کا نواں بڑا شہری مرکز ہونے کے علاہ کینیڈا میں تیزی سے ترقی کرنے والا دوسرا شہر ہے۔ ورثے اور ثقافتی اثاثوں سے لے کر کھیلوں کی سیاحت تک، خصوصی تقریبات اور کھانے پینے کی اشیاء کے ناقابل یقین حد تک ثابت شدہ تجربات کے حوالے سے برامپٹن ایک ابھرتی ہوئی منزل ہے اور دنیا کے سامنے اپنے آپ کو منوانے کے لیے تیار ہے۔
- **ایک کثیر ثقافتی منزل۔** برامپٹن ایک ایسا شہر ہے جہاں مختلف کمیونٹیز پھولوں کے ایک حسین گلدستے کی مانند آپس میں پیار و محبت سے رہتی ہیں، جس میں 200 سے زیادہ مختلف کمیونٹیز موجود ہیں اور اس میں تقریباً 90 مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔ برامپٹن سیر کرنے اور جشن منانے کے لیے ایک متنوع جگہ بھی ہے۔ یہاں تشریف لانے والے وزیٹرز ہمارے باکمال لوگوں، عالمی ثقافتوں، دلکش تصوّرات اور اپنے حواس کو متحرک کرنے والے تجربات کے ایک حسین امتزاج کی توقع کر سکتے ہیں۔
- **کھانوں کے حوالے سے محو حیرت میں ڈال دینے والی ایک قابل تحسین منزل۔** کھانا پینا کسی بھی ثقافت کا ایک فطری اظہار ہے اور برامپٹن ایک ایسی جگہ کے طور پر جانا جاتا ہے جہاں دنیا بھر سے بین الاقوامی شہرت کے حامل پکوان ایک ہی شہر کی سیر کے دوران مل سکتے ہیں۔

'ایکسپریئنس برامپٹن' کے 'لوگو' کو خوبصورت رنگوں کی قوس قزح سے تازہ کیا گیا ہے، جو شہر کی رونقوں اور برامپٹن کی تفریح سے بھرپور دلچسپ منازل کی عکاسی کرتا ہے۔

برامپٹن کو رہائشیوں اور وزیٹرز کے لیے پسند کی منزل کے طور پر مزید فروغ دینے کے لیے، ٹؤرزم آفس برامبیسڈر (Brambassador) پروگرام متعارف کرانے کے لیے پرجوش ہے؛ جس میں رضاکاروں کی ایک ٹیم جو برامپٹن کو فروغ دینے کے لیے شہر کے آس پاس کی تقریبات اور مقامات پر اپنی خدمات سر انجام دے گی اور رہائشیوں اور مہمانوں کو دستیاب سہولیات، پرکشش مقامات اور ریسٹورینٹس کی وسیع رینج کے بارے میں آگاہ کرے گی۔ برامبیسڈر، برامپٹن کے چیمپئنز کے لیے برامپٹن میں ان کے کردار کے طور پر محبت پھیلانے اور دوسروں کو برامپٹن کی جانب سے پیش کردہ ہر چیز کا دورہ

کرنے اور تجربہ کرنے کی ترغیب دینے کا ایک بہترین موقع ہے۔ دلچسپی رکھنے والے درخواست دہندگان کو اس موسم گرما میں اپنی دلچسپی کا اظہار کرنے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔

سٹی آف برامپٹن نے اپریل 2021 میں اپنی پانچ سالہ سیاحتی حکمت عملی کی توثیق کی ہے، جس کا مقصد برامپٹن کو ایک سیاحتی مقام بنانا، مقامی معیشت کو وسعت دینا اور تعمیر کرنا ہے اور رہائشیوں کے درمیان اپنے شہر کا فخر بڑھانا ہے۔ یہ حکمت عملی بنیکن ٹریول اینڈ ٹورزم (Bannikin Travel and Tourism) کے ساتھ مل کر بنائی گئی تھی۔

**اقتباسات**

"سٹی آف برامپٹن کو ٹؤرزم ویک کو تسلیم کرنے پر فخر ہے اور یہ ہمارے سیاحتی شعبے کو ہمارے بارے میں بتانے اور رہائشیوں اور مہمانوں کے ساتھ مشغول کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، خاص طور پر اب جبکہ ہمارے معمولاتِ زندگی دوبارہ کھل چکے ہیں۔ میں ہر ایک کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ ہمارے عظیم شہر کا دورہ کریں تاکہ برامپٹن کی تمام پیشکشوں کا صحیح معنوں میں تجربہ کیا جا سکے۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن بہت سی خوبصورت کمیونٹیز پر مشتمل ہے، جسے ہم پسند کرتے ہیں اور اس کا جشن بھی مناتے ہیں اور یہ سب لوگوں کے لیے ایک پُرجوش جگہ ہے جسے وہ خود دیکھ سکتے ہیں اور تجربہ کر سکتے ہیں۔ متنوع تہواروں اور تقریبات سے لے کر رنگا رنگ کھانوں کے ایک متحرک منظر نامے تک، برامپٹن رہنے کی ایک بہترین جگہ ہے۔"

- *ہرکیرات سنگھ، سٹی کونسلر وارڈز 9 اور 10؛ چیئر، کوآپریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن کی سیاحت کی حکمت عملی اس شہر کی خوشیوں کو منانے اور اسے پسند کی ایک متحرک منزل کے طور پر فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہے۔ مارکیٹنگ کی حکمت عملی کے ستون اس بات کو نمایاں کرتے ہیں جسے بہت سے رہائشی پہلے سے ہی جانتے ہیں: کہ برامپٹن مختلف کمیونٹیز کی خوبصورت ثقافتوں اور تجربات پر مشتمل ہے۔ میں اپنی نئی برامبیسڈر ٹیم کو اس عظیم شہر کے خوبصورت پہلوؤں کی نشاندہی کرنے اور اس کی تشہیر کرتے ہوئے دیکھنے کا منتظر ہوں۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca